وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس: وفاقی محتسب نے ڈپٹی کمشنر، ایس ایس پی ٹریفک اور ڈی جی ماحولیات کو 04 ستمبر کو طلب کرلیا

گزشتہ سماعت پر تسلی بخش رپورٹ نہ لانے پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد( ) اسلام آباد کے ڈی چوک میں گاڑیوں کی ماحولیاتی چیکنگ کے بارے میں تسلی بخش رپورٹ نہ آنے پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، ایس ایس پی ٹریفک اور ڈائریکٹر جنرل تحفظ ماحولیات ایجنسی کو 04 ستمبر کو سماعت کے لئے طلب کرلیا ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار محمد ثاقب خان نے اس مقصد کے لئے تمام ذمہ داران کو نوٹس جاری کردیئے ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے اسلام آباد کے ریڈ زون میں گاڑیوں کی ماحولیاتی کلیرنس کے لئے لمبی قطاروں کا نوٹس لیتے ہوئے سیکرٹری ٹرانسپورٹ اتھارٹی، کمشنر و ڈپٹی کمشنر اسلام آباد اور پاکستان تحفظ ماحولیات ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل کو 29 اگست کو سماعت کے لئے طلب کیا گیا تھا۔ سماعت میں حاضر ہونے والے افسران کی طرف سے وفاقی محتسب کے سوال نامے پر کوئی رپورٹ نہ لانے پر خفگی کا اظہار کرتے ہوئے اب مذکورہ بالا افسران کو پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ وفاقی محتسب کے رجسٹرار کی طرف سے بھجوائے گئے سوال نامہ میں استفسار کیا گیا تھا کہ اسلام آباد کے انتہائی حساس علاقے ریڈ زون کو ہی گاڑیوں کی کلیرنس کے لئے کیوں منتخب کیا گیا، گاڑیوں کی کلیرنس کے بارے میں عوام الناس کی آگاہی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی آگاہی مہم چلائی گئی یا نہیں، نیز یہ کہ کس ماڈل اور مینوفیکچرنگ سال تک کی گاڑیوں کی کلیرنس کی جارہی ہے۔ کیا خواتین اور بزرگ شہریوں کے لئے کوئی الگ بوتھ بنایا گیا یا نہیں وغیرہ وغیرہ۔ ان معلومات کے فقدان اور لاپرواہی کے نتیجے میں لوگ سارا دن قطار میں لگے رہتے ہیں اور باری آنے پر انہیں بتایا جاتا ہے کہ فی الحال 2015ء ماڈل تک کی گاڑیوں پر کلیرنس اسٹکرز لگائے جارہے ہیں۔

02/IX/2025

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266
02 ستمبر 2025ء